# رہنمائے والدین برائے LEAP 2025 امتحانات

جبکہ سکول اور طلبہ سپرنگ لوایزیانہ تعلیمی جانچ پروگرام (LEAP 2025) امتحانات کے لیے اپنی حتمی تیاریوں کا آغاز کر رہے ہیں، لوایزیانہ محکمۂ تعلیم (LDOE) نے والدین کو ٹیسٹ سے متعلق عمومی معلومات فراہم کرنے اور اس امر کی آگاہی کے لیے کہ ٹیسٹ دیتے ہوئے کیا توقع کی جا سکتی ہے، یہ پرچۂ حقائق تشکیل دیا ہے۔

## ٹیسٹ کو جانیں

### LEAP 2025 امتحانات

ہر سال جماعت 3 تا ہائی سکول طلبہ ہر شعبۂ مضمون یا نصاب میں اپنے علم اور اگلے تعلیمی درجہ کے لیے اپنی مستعدی کی پیمائش کے لیے ریاستی امتحان دیتے ہیں۔

**رپورٹ کارڈز، اساتذہ کے بنائے امتحانات، اور کمرۂ جماعت کے کام کے ساتھ تسلسل میں LEAP 2025 امتحانات ان متعدد وضاحتی علامات میں سے صرف ایک ہیں جو سکول میں کسی طالبِ علم کی کارکردگی کا ایک مکمل خاکہ تشکیل دینے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔** ان امتحانات کے نتائج اس امر کی شناخت میں اساتذہ کی مدد کے لیے استعمال ہو سکتے ہیں کہ ہر شعبۂ مضمون میں کب طلبہ کو اضافی معاونت یا مزید مشکل کام کی ضرورت ہے۔ یہ معلومات اس پیمائش کے لیے بھی استعمال ہوتی ہیں کہ سکول اور سکول سسٹمز اعلیٰ تر معیارات کے حصول کے لیے کس قدر معاونت کر رہے ہیں۔

**2023-2024 تعلیمی سال کے لیے جماعت 3 تا ہائی سکول میں طلبہ درج ذیل امتحانات دیں گے:**

- فنون انگریزی زبان (ELA)
- ریاضی
- سائنس
- الجبرا I
- جیومیٹری
- انگریزی I
- انگریزی II
- بیالوجی
- تاریخِ امریکا

جماعت 3 تا 8 کے طلبہ اور ہائی سکول سوکس کورس کرنے والے طلبہ معاشرتی علوم کے لیے نئے لوایزیانہ طلبہ معیارات (2022) کی پیمائش کے لیے تشکیل دیے گئے فیلڈ ٹیسٹ دیں گے۔ چونکہ ان فیلڈ ٹیسٹس کے نتائج 2024-2025 تعلیمی سال میں پہلی مرتبہ لیے جانے والے نئے امتحانات کی تشکیل کے لیے استعمال ہوں گے، انفرادی سکور رپورٹس نہیں بنائی جائیں گی۔

نہایت نمایاں ذہنی معذوری کے حامل طلبہ، سکولوں کے انفرادی شیڈولز کی بنا پر فروری 19 تا مارچ 22 تک طلبہ کو دیے جانے والے LEAP Connect دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے **LEAP Connect رہنمائے والدین** سے رجوع کریں۔

## آن لائن امتحانات کا شیڈول:

### LEAP 2025 امتحانات شیڈول


**جماعت 4 تا ہائی سکول طلبہ LEAP 2025 امتحانات آن لائن دیں گے۔ سکولوں کے پاس جماعت 3 کے طلبہ کے امتحانات آن لائن یا پرچے پر لینے کا اختیار ہوگا۔**

تمام LEAP 2025 امتحانات وقت سے مشروط ہیں، اور اضافی وقت کی اجازت ہرگز نہیں، ماسوائے ایسے طلبہ جن کے پاس اضافی وقت کی دستاویزی گنجائش ہو۔

ذیلی جدول میں فہرست شدہ امتحانی اوقات پر مبنی شیڈیول برائے آن لائن امتحانات متعین کرنا سکولوں کی صوابدید پر منحصر ہے۔ لہٰذا امتحانات کے ایّام سکول کے مطابق مختلف ہوں گے۔

| امتحان کا طریقہ: جماعتیں اور مواد کا شعبہ یا کورسز | شیڈول برائے امتحان |
|---|---|
| آن لائن امتحانات برائے فال بلاک شیڈول اور دوبارہ امتحانات: انگریزی I، انگریزی II، الجبرا I، جیومیٹری، بیالوجی، تاریخِ امریکا | نومبر 27 – دسمبر 15، 2023 |
| • آن لائن امتحانات: جماعتیں ELA 3-8، ریاضی، اور سائنس<br>• آن لائن فیلڈ امتحانات: جماعتیں 3-8 معاشرتی علوم<br>• آن لائن امتحانات: انگریزی I، انگریزی II، الجبرا I، جیومیٹری، بیالوجی، تاریخِ امریکا<br>• آن لائن فیلڈ امتحانات: معاشرتی علوم | اپریل 15 – مئی 17، 2024 |
| پرچہ امتحانات: جماعت ELA 3 اور ریاضی | اپریل 17 – اپریل 19، 2024 |
| پرچہ امتحانات: جماعت 3 سائنس | اپریل 22، 2024 |
| پرچہ فیلڈ امتحانات: جماعت 3 معاشرتی علوم | اپریل 23، 2024 |
| آن لائن امتحانات برائے سمر دوبارہ امتحانات: انگریزی I، انگریزی II، الجبرا I، جیومیٹری، بیالوجی، تاریخِ امریکا | جون 24 – جون 28، 2024 |

# امتحانات کے نتائج




سکولوں اور سکول سسٹمز کو ہائی سکولز میں LEAP 2025 کے لیے طلبہ کے انفرادی نتائج امتحانی ایّام کے آخر میں، اور گریڈ 3-8 جولائی کے آخر تک ملیں گے۔ ہر سکول سسٹم تعین کرے گا کہ والدین کو یہ معلومات کیسے فراہم کی جائیں۔

[ان نتائج سے متعلق]() مزید جاننے کے لیے اور یہ معلوم کرنے کے لیے کہ یہ آپ کے بچے کے لیے کیوں معنی رکھتے ہیں LEAP 2025 رہنمائے والدین برائے طالبِ علم رپورٹس دیکھیں۔

## امتحان کی تیاری


درج ذیل مواد آپ کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کرے گا کہ کمرۂ جماعت اور ریاستی امتحانات میں آپ کے بچے سے کیا توقع ہے۔

### جانیں آپ کا بچہ کیا سیکھ رہا ہے

ہر مضمون میں آپ کے بچے کے جماعت کی سطح پر سیکھنے کی توقعات جاننے کے لیے،

- لوایزیانہ طلبہ معیارات پر نظر ڈالیں، **جو ہر سال آپ کے بچے سے وابستہ علم و مہارت** کی توقعات کو بیان کرتا ہے اور آپ کے بچے کے سکول کی جانب سے پیش کی جانے والی والدین کی مصروفیت کی تقریبات اور اجلاس میں شرکت کریں۔
- آپ کے بچے کے سکول کی جانب سے پیش کی جانے والی والدین کی مصروفیت کی تقریبات اور اجلاس میں شرکت کریں۔

**جانچ کے تمام وسائل تک آن لائن رسائی کے لیے**
**وزٹ کریں فیملی سپورٹ ٹول باکس۔**




LEAP 2025 امتحانات سے متعلق سوالات کے لیے اپنے بچے کے معلم سے بات کریں یا assessment@la.gov پر محکمہ کو ای میل کریں۔

اس مواد میں موجود ہائپرلنکس تک رسائی کے لیے یہ QR Code سکین کریں۔

LOUISIANA DEPARTMENT OF EDUCATION